۱

اُردُو کی کتاب

پہلی جماعت

FREE FROM GOVT
NOT FOR SLAE

خیبر پختونخوا ٹیکسٹ بک بورڈ، پشاور

We Want Peace

ہم امن چاہتے ہیں

مونږه امن غواړو

31

اُردُو کی کتاب



پہلی جماعت

مصنّفین:

☆ ڈاکٹر ممتاز منگلوری

☆ پروفیسر محمد جمال

Curriculum Development & Text Book Production Wing
LIBRARY

خیبر پختونخوا ٹیکسٹ بک بورڈ، پشاور

جملہ حقوق بحق خیبر پختونخوا ٹیکسٹ بک بورڈ، پشاور محفوظ ہیں۔

تیار کردہ: خیبر پختونخوا ٹیکسٹ بک بورڈ، پشاور

منظور کردہ:

وفاقی وزارت تعلیم (شعبہ نصاب)، حکومت پاکستان اسلام آباد

ایڈیٹر:

پروفیسر طاہرہ ڈار

ماہر مضمون

خیبر پختونخوا ٹیکسٹ بک بورڈ، پشاور

زیر نگرانی و رہنمائی:

ڈاکٹر فضل الرحیم مروت (چیئرمین)

ڈاکٹر جہانزیب خلیل (ممبر ای اینڈ پی)

خیبر پختونخوا ٹیکسٹ بک بورڈ، پشاور

ڈیزائن و لے آؤٹ:

ابرار خان (ڈیزائنر)

خیبر پختونخوا ٹیکسٹ بک بورڈ، پشاور

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان، نہایت رحم والا ہے۔

آئیں دیکھیں کون سا سبق کہاں ہے؟

	عنوان	صفحہ نمبر
۱	حمد (نظم)	۱
۲	سب کا مالک	۳
۳	نبیؐ ہمارے، نبیؐ ہمارے (نعت)	۷
۴	ہمارے پیارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	۱۰
۵	نادیہ کا گھر	۱۴
۶	سڑک پر احتیاط	۱۸
۷	کالے بادل آئیں گے (نظم)	۲۰
۸	عدنان نے پودا لگایا	۲۳

آئیں دیکھیں کون سا سبق کہاں ہے؟

	عنوان	صفحہ نمبر
۹	ہمارا وطن	۲۷
۱۰	اچھّی عادات	۳۰
۱۱	میں چھوٹا سا اِک لڑکا ہوں (نظم)	۳۳
۱۲	گُفت گُو کے آداب	۳۶
۱۳	قائداعظمؒ - فاطمہ جناحؒ	۴۱
۱۴	بندر بھوکا تھا	۴۵
۱۵	ہمارا جھنڈا (نظم)	۴۹
۱۶	فرہنگ	۵۱

حمد

تدریسی مقاصد:

- اللہ تعالیٰ کی حمد و ثنا بیان کرنا۔
- اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کا شکر ادا کرنا۔
- درست تلفظ اور ادائیگی سکھانا۔

خاص الفاظ:

پیارا، سہارا، مالک، مینہ، اناج، نیک۔

اے اللہ تو پیارا سب کا
پیارا اور سہارا سب کا
دن کا مالک ، رات کا مالک
دنیا کی ہر بات کا مالک



تو ہی مینہ برسانے والا
خوب اناج اُگانے والا
سُورج ، چانّد ، ستارے تیرے
بندے ہیں ہم سارے تیرے
ہم سب کو تُو نیک بنا دے
سب کے دل کو ایک بنا دے

(اشرف بخاری)

مشق

زبانی بتائیں

۱۔ اللہ تعالیٰ کی بنائی ہوئی اُن چیزوں کے نام بتائیں جو حمد میں موجود ہیں۔

۲۔ اللہ تعالیٰ کی بنائی ہوئی اُن پانچ چیزوں کے نام بتائیں جو حمد میں موجود نہیں۔

۳۔ سب بچے مِل کر اِس حمد کو بار بار پڑھیں اور زبانی یاد کریں۔

سب کا مالک

تدریسی مقاصد:

- اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کا اقرار کرنا اور اس کا شکر بجالانا۔
- اللہ تعالیٰ کی عظمت کا احساس دلانا۔
- اُردو کے سادہ الفاظ اور جملوں کی تشکیل کرانا۔

خاص الفاظ:

آسمان ، سُورج ، چانّد ، ستارے ، زمین ، پہاڑ۔

اللہ ایک ہے۔

اللہ نے ہم سب کو پیدا کیا۔

یہ آسمان اللہ نے بنایا ہے۔

یہ چانّد اور ستارے اللہ نے بنائے ہیں۔

یہ سُورج اللہ نے بنایا ہے۔

یہ پیاری زمین اللہ نے بنائی ہے۔

یہ پہاڑ اور دریا اللہ نے بنائے ہیں۔

یہ درخت اور پودے اللہ نے پیدا کیے ہیں۔

یہ پھُول اور پھل اللہ نے پیدا کیے ہیں۔


اللہ نے ہمیں آنکھیں دیں۔
ہم آنکھوں سے دیکھتے ہیں۔
اللہ نے ہمیں زبان دی۔
ہم زبان سے بولتے ہیں۔
اللہ نے ہمیں کان دیے۔
ہم کانوں سے سنتے ہیں۔
اللہ نے ہمیں ہاتھ دیے۔
ہم ہاتھوں سے کام کرتے ہیں۔
اللہ نے ہمیں پاؤں دیے۔
ہم پاؤں سے چلتے ہیں۔

ہم اُس کا شکر ادا کرتے ہیں۔ ہمیں سب کچھ اللہ نے دیا ہے۔
سب کچھ اس نے بنایا ہے۔ ہم اس کے بندے ہیں۔
وہ ہم سب کا مالک ہے۔

مشق

۱۔ اس سبق میں اللہ کی پیدا کی ہوئی کن کن چیزوں کا ذکر ہے؟

۲۔ ہم اِن سے کیا کام لیتے ہیں۔

جیسے: آنکھوں سے دیکھتے ہیں۔

☆ پاؤں سے .....۔ ☆ زبان سے .....۔

☆ منہ سے .....۔ ☆ کانوں سے .....۔

☆ دماغ سے .....۔ ☆ ہاتھوں سے.....۔

☆ دانتوں سے .....۔

۳۔ ''ہے'' یا ''ہیں'' لگا کر جملے مکمل کریں۔

جیسے: اللہ نے آسمان بنایا ہے۔

☆ اللہ نے زمین بنائی .....۔

☆ اللہ نے پہاڑ اور دریا بنائے .....۔

☆ اللہ نے درخت اور پودے پیدا کیے .....۔

☆ اللہ نے سُورج بنایا .....۔

☆ اللہ نے پُھول اور پھل پیدا کیے .....۔

☆ اللہ نے چاند اور ستارے بنائے .....۔

لکھیں

جوڑ کے توڑ لکھیں۔

مالک ☐ + ☐ + ☐ + ☐ + ☐

آنکھیں ☐ + ☐ + ☐ + ☐ + ☐

آسمان ☐ + ☐ + ☐ + ☐ + ☐

ہمیں ☐ + ☐ + ☐ + ☐

پھول ☐ + ☐ + ☐

پیدا ☐ + ☐ + ☐ + ☐

املا

اللہ ، شکر ، پالنا ، بندہ ، روشن

خوش خط لکھیں

ہم سب اللہ کے بندے ہیں۔

بچے یہ جملہ پانچ مرتبہ تختی، سلیٹ یا کاپی پر خوش خط لکھیں۔

ہدایت برائے اساتذہ:

بچوں کو ''ہے'' اور ''ہیں'' کا استعمال سکھائیں۔

نبیؐ ہمارے ، نبیؐ ہمارے (نعت)

تدریسی مقاصد:

- نعت کی تعریف سکھانا۔
- نبی کریم حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے مقام و مرتبے کا احساس دِلانا۔
- آہنگ اور لے کے حوالے سے سادہ مصرعوں سے لطف اُٹھانا۔

خاص الفاظ:

حَق، سیدھا، راہ بر، راہ نما، ذرّے، فلک۔

نبیؐ ہمارے ، نبیؐ ہمارے
وہ حق کی باتیں بتانے والے
وہ سیدھا رستہ دکھانے والے
وہ راہ بر ، رہ نُما ہمارے
نبیؐ ہمارے ، نبیؐ ہمارے
دُرود اُنؐ پر ، سلام اُنؐ پر

اُنھی کی خاطر دَمک رہے ہیں
اُنھی کے دَم سے چمک رہے ہیں
زمین کے ذَرّے ، فلک کے تارے
نبیؐ ہمارے ، نبیؐ ہمارے
دُرود اُنؐ پر ، سلام اُنؐ پر

(صوفی تبسم)

مشق

بتائیں

۱۔ ہمارے پیارے نبیؐ کا کیا نام ہے؟

۲۔ اس نعت میں راہ بر اور راہ نما کسے کہا گیا ہے؟

۳۔ زمین کے ذرّے اور فلک کے تارے کس کے دم سے چمک رہے ہیں؟

۴۔ ہمیں حق کی باتیں بتانے والے کون ہیں؟

لکھیں

ایک چیز کو واحد اور دو یا دو سے زیادہ چیزوں کو جمع کہتے ہیں۔

واحد

جمع

جمع لکھیں۔

رستہ ..... رستے

ذرّہ .....

تارا .....

پردہ .....

لڑکا .....

بندہ .....

زبانی سنائیں

اس نعت کو زبانی یاد کریں اور سنائیں۔

سرگرمی

توڑ کے جوڑ لکھیں۔

خ + ا + ط + ر .....

ف + ل + ک .....

س + ل + ا + م .....

ز + م + ی + ن .....

ذ + ر + ر + ے .....

املا

حق ، سیدھا ، چمک ، فلک ، ذرّے

ہدایت برائے اساتذہ:

بچوں کو واحد سے جمع بنانے کی مزید مشق کرائیں۔

ہمارے پیارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم

تدریسی مقاصد:

- پیارے نبی حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے اخلاق و عادات سے آگاہ کرنا اور ان کے احکامات پر عمل کرنے کی تلقین کرنا۔
- جملوں کے تسلسل کو مربوط کر کے معنی اخذ کرنے کے قابل بنانا۔

خاص الفاظ:

نیکی، مکّہ، بچپن، عبادت، مِل جُل، پڑوسی۔



اللہ نے لوگوں کو نیکی کی باتیں بتانے کے لیے بہت سے نبی بھیجے۔ ہمارے پیارے نبی حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم اللہ کے آخری نبی ہیں۔ اللہ نے آپؐ پر قرآن اُتارا۔ قُرآنِ پاک اللہ کی آخری کتاب ہے۔ اس میں اللہ نے نیکی کی باتیں بتائی ہیں۔

ہمارے پیارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم عرب کے شہر مکّہ میں پیدا ہوئے۔ آپؐ کے والد کا نام حضرت عبداللہ تھا۔ آپؐ کی والدہ

کا نام حضرت بی بی آمنہ تھا۔

ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم بچپن ہی سے بہت نیک تھے۔ ہمیشہ سچ بولتے تھے۔ بڑوں کا ادب کرتے تھے۔ بچوں سے پیار کرتے تھے۔ ہر ایک کی مدد کرتے تھے۔ ہمیشہ صاف ستھرے رہتے تھے۔ لوگوں کو نیک کام کرنے کا حکم دیتے تھے۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا فرمان ہے۔ اللہ ایک ہے۔

صرف اللہ کی عبادت کرو۔ صرف اسی سے مدد مانگو۔

پاک صاف رہو۔ نماز پڑھو۔ سچ بولو۔ علم حاصل کرو۔

ماں باپ کا کہنا مانو۔ آپس میں مِل جُل کر رہو۔

اپنے پڑوسی اور ضرورت مندوں کی مدد کرو۔

آؤ بچو! ہم وعدہ کریں کہ اپنے پیارے نبیؐ کی ساری باتوں پر عمل کریں گے۔ ان شاء اللہ

مشق

بتائیں

۱۔ اللہ نے نبی کیوں بھیجے؟

۲۔ ہمارے پیارے نبیؐ کا نام کیا ہے؟

۳۔ ہمارے پیارے نبیؐ کہاں پیدا ہوئے؟

۴۔ اللہ نے ہمارے نبیؐ پر کون سی کتاب اُتاری؟

۵۔ ہمارے پیارے نبیؐ کے والد کا کیا نام تھا؟

۶۔ ہمارے پیارے نبیؐ کی والدہ کا کیا نام تھا؟

لکھیں

۱۔ جوڑ کے توڑ لکھیں۔

قرآن ق + ر + آ + ن

سچ ☐ + ☐

نفرت ☐ + ☐ + ☐ + ☐

عبادت ☐ + ☐ + ☐ + ☐ + ☐ + ☐

نیک ☐ + ☐ + ☐

پاک ☐ + ☐ + ☐ + ☐

بچپن ☐ + ☐ + ☐ + ☐ + ☐ + ☐

نماز ☐ + ☐ + ☐ + ☐ + ☐

۲۔ خالی جگہ اِن الفاظ سے پُر کریں (کا، کی، کے)

☆ حضرت محمدؐ اللہ ..... آخری نبی ہیں۔

☆ قرآن مجید اللہ ..... آخری کتاب ہے۔

☆ ماں باپ ..... کہا مانو۔

املا

مدد ، عبادت ، پڑوسی ، نماز ، فرمان ۔

خوش خط لکھیں

ماں باپ کا کہا مانو۔

بچے یہ جملہ پانچ مرتبہ تختی، سلیٹ یا کاپی پر خوش خط لکھیں۔

زبانی سنائیں

۱۔ سبق میں دیے گئے نبی کریمؐ کے فرمان زبانی یاد کریں اور سنائیں۔

۲۔ بچو! سوچ کر بتائیں، کیا آج آپ نے کسی کی مدد کی ہے؟

ہدایت برائے اساتذہ:

مختلف واقعات کے ذریعے بچوں کو نبی کریمؐ کے نیک اخلاق و عادات کے بارے میں بتائیں۔

نادیہ کا گھر

تدریسی مقاصد:

- رشتوں کی اہمیت سے آگاہی دینا۔
- صفائی کی اہمیت سکھانا۔
- طلبہ کو اس قابل بنانا کہ وہ اپنی ذات، گھر اور کاموں کے بارے میں بتا سکیں۔

خاص الفاظ:

کمرے ، کھڑکی ، برآمدہ ، باورچی خانہ ، چمن ، خدمت۔

یہ نادیہ کا گھر ہے۔ اس میں نادیہ کے دادا، دادی، امّی، ابّو اور بھائی بہن سب مِل جُل کر رہتے ہیں۔



نادیہ کے گھر میں تین کمرے ہیں۔ ہر کمرے میں دروازہ ، کھڑکی اور

روشن دان ہے۔ کمروں کے آگے برآمدہ ہے۔ برآمدے کے ایک کونے میں باورچی خانہ ہے، دوسرے کونے میں غُسل خانہ ہے۔ برآمدے کے سامنے ایک چھوٹا سا چمن بھی ہے۔

نادیہ اپنے گھر کو صاف رکھتی ہے۔

وہ اپنے ابو اور امی کا کہنا مانتی ہے۔

دادا اور دادی کی خدمت کرتی ہے۔

نادیہ اپنے بھائی اور بہن سے بہت پیار کرتی ہے۔

نادیہ کو اپنا گھر اور گھر میں رہنے والے بہت اچھے لگتے ہیں۔

مشق

زبانی بتائیں

۱۔ نادیہ کے گھر میں کیا کیا ہے؟

۲۔ نادیہ کے گھر میں کون کون رہتا ہے؟

۳۔ کیا آپ کو نادیہ کا گھر اچّھا لگا؟

۴۔ آپ کے گھر میں کون کون رہتا ہے؟

۵۔ آپ کو اپنا گھر کیوں اچّھا لگتا ہے؟

لکھیں

۱۔ مذکر اور مؤنث کے جوڑ ملائیں۔

لڑکا مذکر

لڑکی مؤنث

بھائی	چچی
ماموں	پھوپھی
دادا	بہن
خالو	دادی
نانا	ممانی
چچا	خالہ
پھوپھا	نانی

۲۔ توڑ کے جوڑ لکھیں۔

چ + م + ن .....

کھ + ڑ + ک + ی .....

ر + و + ش + ن .....

د + ر + خ + ت .....

ن + ل + ک + ا .....

ب + ر + آ + م + د + ہ .....

۳۔ جمع لکھیں۔

کیاری	کیاریاں	کھڑکی	.....
سبزی	.....	پیالی	.....
کہانی	.....	روٹی	.....
خوشی	.....	بستی	.....

سرگرمی

۱۔ بتائیں آپ اپنے گھر کو کیسے صاف ستھرا رکھتے ہیں؟

۲۔ اپنے گھر کی تصویر بنائیں اور اُس میں رنگ بھریں۔

ہدایت برائے اساتذہ:

بچوں کو بتائیں کہ جس لفظ کے آخر میں ''ی'' آئے اس سے جمع بنانے کا اصول یہ ہے کہ ی کے ساتھ ''اں'' کا اضافہ کیا جائے۔ نیز بچوں کو مذکر اور مؤنث کی پہچان کرائیں۔

سڑک پر احتیاط

تدریسی مقاصد:

- بچوں میں ٹریفک کا شعور پیدا کرنا اور قانون کا احترام سکھانا۔
- تصویر کو دیکھ کر اس کے بارے میں گفتگو کی صلاحیت پیدا کرنا۔

خاص الفاظ:

لوگ، سفر، پیدل، سڑک، تصویر، محفوظ، خطرناک۔



- لوگ کہاں پر ہیں؟
- کیا یہ صحیح جگہ پر چل رہے ہیں؟
- پیدل لوگ سڑک کہاں کہاں سے پار کر سکتے ہیں؟



- بس میں سفر کے دوران کن کن باتوں کا خیال رکھنا چاہیے؟
- اس تصویر میں کیا بات غلط ہے؟
- ایسا کرنا کیوں محفوظ نہیں ہے؟

- یہ بچے کہاں کھیل رہے ہیں؟
- کیا یہ خطرناک ہو سکتا ہے؟
- کیا آپ بھی ایسا کرتے ہیں؟

- بچیاں سڑک کہاں سے پار کر رہی ہیں؟
- کیا یہ سڑک پار کرنے کا محفوظ طریقہ ہے؟
- آپ سڑک کہاں سے پار کریں گے؟

مشق

زبانی بتائیں

پیدل چلنے والے افراد سڑک کہاں سے پار کریں گے؟

بچے کھیلنے کے لیے کون سی جگہ کا انتخاب کریں گے؟

ہدایت برائے اساتذہ:

ٹریفک کے مسائل اصولوں سے ناواقفیت کی وجہ سے بڑھ رہے ہیں۔ بچوں کو ٹریفک کے اصولوں سے آگاہ کریں۔ انھیں بتائیں کہ کھیلنے اور پیدل چلنے نیز سڑک پار کرنے کی مناسب جگہ کون سی ہے۔

کالے بادل آئیں گے

تدریسی مقاصد:

- خوش گوار موسم سے لطف اندوز ہونے کا احساس پیدا کرنا۔
- سادہ نظموں کو سُن کر لطف اُٹھانے کی صلاحیت پیدا کرنا۔
- موسم کے ماحول پر اثرات سے آگاہی دینا۔

خاص الفاظ:

بادل، نہائیں، بجلی، بُلبل، کوئل، گیت، مینڈک۔

کالے بادل آئیں گے
آ کر مینہ برسائیں گے
مینہ میں لوگ نہائیں گے
کالے بادل آئیں گے

گرج گرج کر آئیں گے
بجلی کو چمکائیں گے
ہم بھی شور مچائیں گے
کالے بادل آئیں گے

ڈھول بجے گا دھَپ دھَپ دھَپ
مینہ برسے گا ٹَپ ٹَپ ٹَپ

ہم ناچیں گے ، گائیں گے
کالے بادل آئیں گے

بُلبل گانا گائے گی
کوئل گیت سُنائے گی

مینڈک بھی ٹرّائیں گے
کالے بادل آئیں گے

(صوفی تبسّم)

مشق

بتائیں

ا۔ کالے بادل آئیں گے تو:

(ا) لوگ کیا کریں گے؟ (ج) بُلبل کیا کرے گی؟

(ب) مینڈک کیا کریں گے؟ (د) آپ کیا کریں گے؟

۲۔ بتائیں:

(ا) بارش ہوتی ہے تو آپ کیا کرتے ہیں؟

(ب) بارش ہو رہی ہو تو باہر جانے کے لیے آپ کو کس چیز کی ضرورت ہوتی ہے؟

(ج) کیا آپ نے بارش کے بعد دھنک دیکھی ہے؟ اس میں کون سے رنگ ہوتے ہیں؟

۳۔ نظم میں سے ان لفظوں کے ہم آواز لفظ بتائیں:

آئیں ..... جائیں ..... ٹپ ٹپ ٹپ .....

سنائے .... گائیں .....

املا

بادل ، مینڈک ، بُلبل ، گیت ، بجلی ۔

خوش خط لکھیں

کالے بادل آئیں گے۔

بچے یہ جملہ پانچ مرتبہ تختی، سلیٹ یا کاپی پر لکھیں۔

سرگرمی

بچے نظم زبانی یاد کریں اور سب مل کر گائیں۔

ہدایت برائے اساتذہ:

بچوں کو بتائیں کہ دھنک کو قوسِ قزح بھی کہتے ہیں۔ قوسِ قزح کی تصویر بنوا کر اس میں رنگ بھروائیں۔

عدنان نے پَودا لگایا

تدریسی مقاصد:

- ماحولیات سے آگاہی۔
- آلودگی کے خلاف شعور پیدا کرنا۔
- سادہ جملوں کو سمجھنے کی صلاحیت پیدا کرنا۔

خاص الفاظ:

ڈِبّا، ننّھا، پَودا، گوڈی، روشنی، موتیا، گُلاب، سُورج مُکھی، خُوش بو۔

عدنان نے خالی ڈِبّا لیا۔ اُس میں مٹّی ڈالی۔ ایک ننّھا پَودا لگایا۔
پَودے کو پانی دیا۔ اُس کی گوڈی کی۔ اُسے رَوشنی میں رکھا۔
چند دِن میں پَودا بڑا ہوگیا۔ وہ ہَرا بھَرا پَودا سکُول لے گیا۔



ساتھی اُسے دیکھ کر خُوش ہوئے۔

اُستاد جی نے شاباش دی۔

بَس پھر کیا تھا۔

کِسی نے موتیا لگایا۔

کِسی نے گُلاب۔

کِسی نے سُورَج مُکھی اُگائی۔

سب نے پودوں کی دیکھ بھال کی۔

پَودے بڑے ہو گئے۔

سُکول ہَرا بھَرا ہو گیا۔

چاروں طرف خُوش بُو

پھیل گئی۔

سکول کو ہرا بھرا دیکھ کر بچے بہت خوش ہوئے۔

مشق

زبانی بتائیں

۱۔ عدنان نے پَودا لگانے کے لیے کیا کیا؟

۲۔ سکُول کیسے ہَرا بھَرا ہو گیا؟

۳۔ آپ اپنے سکُول کو کیسے ہَرا بھَرا کریں گے؟

۴۔ چند پھولوں کے نام بتائیں۔

لکھیں

خالی جگہ میں مناسب لفظ چُن کر لکھیں۔

آپ ایک ڈِبّا لیں۔

اُس میں _____ ڈالیں۔

ایک ننّھا _____ لگائیں۔

پَودے کو _____ دیں۔

پَودے کو _____ میں رکھیں۔

پَودا _____ ہو جائے گا۔

پَودا
ڈِبّا
مَٹّی
بڑا
روشنی
پانی

تصویر بنائیں

سکُول کی تصویر بنائیں۔ پوَدے دکھائیں۔ دو جملے لکھیں۔

سرگرمی

(ا) بچے اپنے اپنے پوَدے اُگائیں۔

(ب) پوَدوں کی دیکھ بھال کریں۔

(ج) اِن کی نمائش کریں۔ اِن کے بارے میں بتائیں۔

ہدایت برائے اساتذہ:

بچوں کو پودوں کے فوائد کے بارے میں بتائیں۔

ہمارا وطن

تدریسی مقاصد:

- اپنے وطن کے بارے میں بنیادی معلومات فراہم کرنا۔
- وطن سے محبت کا جذبہ پیدا کرنا۔
- سادہ جملوں کو پڑھنے اور سمجھنے کے قابل بنانا۔

خاص الفاظ:

وطن ، قائدِاعظم ، چارٹ ، خُوب صُورت ، دیوار۔

ہمارے وطن کا نام پاکستان ہے۔ پاکستان قائدِاعظمؒ نے حاصل کیا۔ قائدِاعظمؒ کا نام محمد علی جناح تھا۔ قائدِاعظمؒ کے معنی ہیں: بڑا راہ نُما۔ یہ ایک چارٹ ہے۔ یہ عدنان اور اُس کے ساتھیوں نے بنایا ہے۔ آئیں اُن کا بنایا ہوا چارٹ پڑھتے ہیں۔


پاکستان ہمارا وطن ہے
ہم سب پاکستانی بچے ہیں
ہمارا وطن بہت خوب صورت ہے
ہم اسے اور خوب صورت بنائیں گے
ہمارا دل ہے پاکستان
ہماری جان ہے پاکستان

استاد جی کو یہ چارٹ بہت پسند آیا۔ اُنھوں نے یہ چارٹ دیوار پر لگا دیا۔

مشق

زبانی بتائیں

۱۔ ہمارے وطن کا کیا نام ہے؟

۲۔ پاکستان کس نے حاصل کیا؟

۳۔ پاکستان میں رہنے والوں کو کیا کہتے ہیں؟

۴۔ آپ پاکستان کو کیسے خوب صُورت بنائیں گے؟

۵۔ آپ پاکستان سے کیوں محبت کرتے ہیں؟

۶۔ آپ قائدِاعظمؒ کے بارے میں کیا جانتے ہیں؟

ملائیں

جوڑ ملائیں۔

وطن	دیوار
بچے	پاکستان
چارٹ	تارا
چاند	پاکستانی

پاکستان　　وطن　　خُوب صورت

پاکستانی　　استاد　　دیوار

بچے قومی ترانہ یاد کریں۔مل کر گائیں۔

بچوں سے پاکستان کے بارے میں چارٹ بنوائیں اور کمرۂ جماعت میں لگوائیں۔

اچّھی عادات

تدریسی مقاصد:

- صفائی اور اخلاق کی اہمیت سے آگاہ کرنا۔
- سماجی شعور اجاگر کرنا۔
- سادہ عبارت کو درست تلفّظ کے ساتھ پڑھنے اور سمجھنے کے قابل بنانا۔

خاص الفاظ:

بچّی ، صبح سویرے ، کپڑے ، کمرا ، ضد ، عزّت۔

ثنا اچّھی بچّی ہے۔

وہ صبح سویرے اٹھتی ہے۔

دانّت صاف کرتی ہے۔

منّہ ہاتھ دھو کر کپڑے بدلتی ہے۔

قرآن شریف پڑھتی ہے۔ وقت پر سکول جاتی ہے۔

وہ استانی جی اور سہیلیوں کو سلام کرتی ہے۔

سکول کے کام میں سہیلیوں کی مدد کرتی ہے۔

وہ گھر کے کاموں میں اپنی امّی کی مدد کرتی ہے۔

اپنی چیزوں کا خیال رکھتی ہے۔ اپنا کمرا صاف رکھتی ہے۔
ثنا کبھی ضد نہیں کرتی۔ وہ کسی سے نہیں لڑتی۔

وہ سب کی عزّت کرتی ہے۔ وہ کام کے وقت کام کرتی ہے
اور کھیل کے وقت کھیلتی ہے۔ سب اُسے پیار کرتے ہیں۔

مشق

زبانی بتائیں

۱۔ ثنا کی اچّھی عادتیں کون کون سی ہیں؟
۲۔ آپ اپنی اچّھی عادتوں کے بارے میں بتائیں۔
۳۔ آپ اپنے گھر کا کیسے خیال رکھتے ہیں؟
۴۔ آپ کن کن کاموں میں اپنے امّی ابّو کی مدد کرتے ہیں؟
۵۔ آپ اپنے استاد اور ساتھیوں کی کیسے مدد کرتے ہیں؟

لکھیں

حروف ملا کر الفاظ بنائیں۔ اِن الفاظ کو جملوں میں استعمال کریں۔

سکُو ـــــــــ

بھُو ـــــــــ ل

پھُو ـــــــــ

ہم اپنا ـــــــــ صاف رکھتے ہیں۔

باغ میں خوب صورت ـــــــــ ہیں۔

عائشہ آج کتاب لانا ـــــــــ گئی۔

خوش خط لکھیں

اچّھے کام کرنے سے اللہ خوش ہوتا ہے۔

بچے یہ جملہ پانچ مرتبہ تختی، سلیٹ یا کاپی پر لکھیں۔

ہدایت برائے اساتذہ:

بچوں کو اچّھی عادات کے بارے میں مزید بتائیں۔

میں چھوٹا سا اِک لڑکا ہوں

تدریسی مقاصد:

- ایک دوسرے کے لیے دل میں نیک جذبے پیدا کرنا۔
- شاعری سے لطف اندوز ہونے کی صلاحیت پیدا کرنا۔

خاص الفاظ:

لڑاکا، نیک، ہمجولی، آپس، بڑے بڑے۔

میں چھوٹا سا اِک لڑکا ہوں
پر کام کروں گا بڑے بڑے
جتنے بھی لڑاکا لڑکے ہیں
میں سب کو نیک بناؤں گا
جو بکھرے ہوئے ہمجولی ہیں
اُن سب کو ایک بناؤں گا
سب آپس میں مل جائیں گے
جو رہتے ہیں اب لڑے لڑے
میں چھوٹا سا اِک لڑکا ہوں
پر کام کروں گا بڑے بڑے

(جمیل الدین عالی)

مشق

بتائیں

۱۔ چھوٹا سا لڑکا کون سا بڑا کام کرنا چاہتا ہے؟

۲۔ آپ سے دوست ناراض ہو جائے تو آپ کیا کرتے ہیں؟

۳۔ دو دوستوں کے درمیان لڑائی ہو جائے تو آپ کیا کریں گے؟

۴۔ کیا آپ کو دوست بنانا اچّھا لگتا ہے؟

۵۔ اپنے دوست کی کوئی سی دو خُوبیاں بتائیں۔

لکھیں

۱۔ ''ہے''، ''ہیں'' اور ''ہوں'' لگا کر مکمل کریں۔

☆ سُورج مشرق سے نکلتا ..... ۔

☆ میں چھوٹا سا اِک لڑکا ..... ۔

☆ میرے ابّو امّی بھی صبح سویرے اٹھتے ..... ۔

☆ مجھے تازہ ہوا میں سانّس لینا اچھا لگتا ..... ۔

۲۔ خالی جگہ پر موزوں لفظ لکھیں۔

(بڑے بڑے ، چھوٹا ، لڑاکا ، نیک ، مِل)

☆ میں ..... سا اِک لڑکا ہوں

☆ جتنے بھی .....لڑکے ہیں

☆ سب آپس میں ..... جائیں گے

☆ میں سب کو ..... بناؤں گا

☆ پر کام کروں گا .....

میں سب کو نیک بناؤں گا

بچے یہ جملہ پانچ مرتبہ تختی، سلیٹ یا کاپی پر لکھیں۔

بچوں کو نظم کا مفہوم سمجھائیں۔ مِل جُل کر رہنے کے فوائد سے آگاہ کریں نیز نظم زبانی یاد کروائیں۔

گُفت گُو کے آداب

تدریسی مقاصد:

- بچوں میں اخلاقیات کا شعور پیدا کرنا۔
- بول چال اور لین دین کے طریقے سکھانا۔
- واقعے یا کہانی کو سمجھنے کے قابل بنانا۔

خاص الفاظ:

سکول ، جماعت ، پریشان ، دستک ، خوش آمدید ، مکمل ، غلطی ، معافی۔

خالد اور عامر ایک ہی سکول میں پڑھتے ہیں۔ دونوں ہم جماعت بھی ہیں۔ ایک دن خالد سکول کا کام کرنے بیٹھا تو اس نے دیکھا کہ اس کے بستے میں اُردُو کی کتاب نہیں ہے۔ وہ پریشان ہوا۔ سکول کا کام کرنا ضروری تھا۔ اس لیے وہ کتاب لینے عامر کے گھر چلا گیا۔

اس نے دروازے پر دَستک دی۔ عامر نے دَروازہ کھولا۔ وہ خالد کو دیکھ کر بہت خوش ہوا۔

خالد: السّلام علیکم!

عامر: وعلیکم السّلام!

خوش آمدید، کیسے آنا ہوا؟

خالد: مجھے اُردُو کی کتاب نہیں مِل رہی۔ کیا آپ
کچھ دیر کے لیے دے سکتے ہیں؟ کام مکمل
واپس دے جاؤں گا۔

عامر: آپ اندر تو آئیں!

خالد: شکریہ!

کمرے میں جا کر عامر نے اپنا
بَستا کھولا اور پھر حیرت سے بولا۔

عامر: یہ کیا! میرے بستے
میں تو اُردُو کی دو
کتابیں ہیں!

خالد: دو کتابیں؟

عامر: جی ہاں! ارے،
دوسری کتاب پر

تو آپ کا نام لکھا ہے، کیا یہ آپ ہی کی کتاب ہے؟

خالد: واقعی، یہ تو میری کتاب ہے۔

عامر: میرا خیال ہے چھٹی کے وقت میں نے غلطی سے آپ کی کتاب بھی اپنے بستے میں رکھ لی۔

خالد: جی ہاں! ایسا ہی لگتا ہے۔

عامر: آپ کو پریشانی ہوئی۔ میں اپنی اِس غَلَطی پر آپ سے معافی چاہتا ہوں۔

خالد: ایسی کوئی بات نہیں، کبھی کبھی ایسا بھی ہو جاتا ہے۔ اچھا اب اِجازت دیں۔ اللہ حافظ

عامر: اللہ حافظ

مشق

بتائیں

۱۔ جب آپ کسی سے ملتے ہیں تو کیا کہتے ہیں؟

۲۔ سلام کے جواب میں کیا کہا جاتا ہے؟

۳۔ جب کوئی رخصت ہونے لگے تو کیا کہتے ہیں؟

۴۔ کوئی آپ کی مدد کرے تو آپ کیا کہتے ہیں؟

۵۔ اگر آپ سے غلطی ہو جائے تو آپ کیا کہتے ہیں؟

املا

السّلام علیکم ۔ وعلیکم السّلام ۔ شکریہ ۔ مہربانی ۔ خوش آمدید ۔ اللہ حافظ ۔

لکھیں

۱۔ درست جواب پر ''✓'' کا نشان لگائیں۔

خالد کو کتاب نہیں مِل رہی تھی۔

ریاضی کی

سائنس کی

اُردو کی

- عامر نے دروازہ کھولا تو خالد نے کہا:

السّلام علیکم

وعلیکم السّلام

آداب

- کتاب بستے میں تھی۔

عامر کے

خالد کے

اسلم کے

۲۔ "ہے"، "ہیں"، "ہوں" میں سے درست لفظ لگائیں۔

(ا) اس کتاب میں کہانیاں ..... ہیں ۔

(ب) میں کہانیاں پڑھتی ..... ۔

(ج) وہ میری ہم جماعت ..... ۔

(د) اتوار کے دِن ہماری چھُٹی ہوتی ..... ۔

(ہ) میں بھی اپنی کتابوں کا خیال رکھتا ..... ۔

بچے اِس سبق کو ڈرامے کی صورت میں پیش کریں۔

بچوں کو ہے، ہیں اور ہوں کا فرق ذہن نشین کرائیں۔

قائدِاعظمؒ - فاطمہ جناحؒ



سبق کے مقاصد

- اہم قومی رہنماؤں کا تعارف اور ان کے کارناموں سے آگاہی دینا۔
- پڑھ کر عبارت کو بلند آواز میں دہرانے کے قابل بنانا۔

نئے الفاظ

بہن ، محبّت ، خدمت ، محنت ، قوم ، مادرِ ملّت۔

یہ قائدِاعظمؒ اور ان کی چھوٹی بہن
فاطمہ جناحؒ ہیں۔
قائدِاعظمؒ کو اپنی بہن سے بہت محبّت تھی۔
فاطمہ جناحؒ بھی اپنے بھائی کا بہت خیال رکھتی تھیں اور ان کی خدمت کرتی تھیں۔
فاطمہ جناحؒ بچپن ہی سے بہت ذہین تھیں۔
اُنھوں نے خوب محنت کی اور دانتوں کی ڈاکٹر بنیں۔
انھوں نے قائدِاعظمؒ کے ساتھ مِل کر قوم کی خدمت کی۔
قوم نے اُنھیں ''مادرِ ملّت'' کا نام دیا۔
مادرِ ملّت کے معنی ہیں: ''قوم کی ماں''
قائدِاعظمؒ اور فاطمہ جناحؒ پوری قوم کے لیے ایک مثال ہیں۔

مشق

زبانی بتائیں

۱۔ فاطمہ جناحؒ کون تھیں؟

۲۔ فاطمہ جناحؒ کس چیز کی ڈاکٹر تھیں؟

۳۔ قوم نے فاطمہ جناحؒ کو کیا نام دیا؟

لکھیں

۱۔ ان الفاظ کے توڑ لکھیں۔

ڈاکٹر □+□+□+□+□ بہن □+□+□+□

بچپن □+□+□+□ قوم □+□+□+□

خدمت □+□+□+□

۲۔ جمع لکھیں۔

زَنجیر ..... زَنجیریں کتاب .....

تصویر ..... رات .....

خبر ..... میز .....

تقریر ..... بات .....

نظر ..... دیوار .....

۳۔ خالی جگہوں پر ''ہے'' یا ''تھا'' لگا کر جملے مکمل کریں۔

- حامد کل لکڑیاں کاٹ رہا .....تھا..... ۔
- حِنا اِس وقت پودا لگا رہی ..... ۔
- صبح موسم خوش گوار ..... ۔
- وہ فاختہ اڑ رہی ..... ۔
- حاتم طائی بہت سخی ..... ۔
- علی کل بیمار ..... ۔

۴۔ خالی جگہ میں مُناسب لفظ چُن کر لکھیں۔

- سالار دوڑ میں .....نمبر پر آیا۔

(پہلا، پہلے)

- حیدر امتحان میں .....نمبر پر آیا۔

(دوسرا، دوسرے)

- کل .....روزہ ہوگا۔

(تیسرا، تیسرے)

- میرا بھائی ..... جماعت میں پڑھتا ہے۔
(چوتھا، چوتھی)

- ابرار ..... منزل پر رہتا ہے۔
(پانچواں، پانچویں)

- آج ہفتے کا ..... دن ہے۔
(ساتواں، ساتویں)

- ہم ..... سبق پڑھیں گے۔
(آٹھواں، آٹھویں)

- ثنا کا گھر ..... گلی میں ہے۔
(نواں، نویں)

- میرے ابّو کو حج پر گئے ہوئے آج ..... دن ہے۔
(دسواں، دسویں)

بچے قائدِاعظمؒ اور فاطمہ جناحؒ کے بارے میں چند جملے یاد کریں اور اپنے ساتھیوں کو سنائیں۔

مختلف مثالوں کے ذریعے بچوں کو عددی ترتیب ذہن نشین کرائیں۔

بندّر بھوکا تھا

سبق کی بنیادی جہتیں

- کہانی کے ذریعے اخلاقی درس دینا۔
- بچّوں میں خدمتِ خلق کا جذبہ پیدا کرنا۔

نئے الفاظ

برف، بھوکا، تلاش، بھٹّا، پھل، چیونٹی، چینی، گاجر، گلہری۔

سخت سردی تھی۔

برف پڑ رہی تھی۔ بندّر بھوکا تھا۔

اُس کے بچّے بھی بھوکے تھے۔

اُن کے پاس کھانے کو کچھ نہ تھا۔

بندّر کھانے کی تلاش میں نِکلا۔

چُوہا اپنے بِل میں تھا۔

وہ مَزے لے لے کر بُھٹّا کھا رہا تھا۔

گِلہری اپنے گھر میں تھی۔

وہ مَزے لے لے کر پھَل کھا رہی تھی۔

چیونٹی اپنے بِل میں تھی۔

وہ مَزے لے لے کر چینی کھا رہی تھی۔



خرگوش اپنے گھر میں تھا۔

وہ مَزے لے لے کر گاجر کھا رہا تھا۔



خرگوش نے بندّر کی مدد کی۔ یہ دیکھ کر چُوہے، گلہری اور چیونٹی نے سوچا:

مشق

زبانی بتائیں

۱۔ موسم کیسا تھا؟
۲۔ کون بھوکا تھا؟
۳۔ چُوہا کیا کھا رہا تھا؟
۴۔ چُوہے نے کیا جواب دیا؟
۵۔ گلہری نے کیا جواب دیا؟
۶۔ چیونٹی کیا کھا رہی تھی؟

سرگرمی

۱۔ بچّے یہ کہانی اپنے الفاظ میں سنائیں۔
۲۔ بچّے اِس کہانی کو کھیل کی صورت میں کھیلیں۔

ہمارا جھنڈا



- وطن سے محبت کا جذبہ پیدا کرنا۔
- قومی پرچم کا احترام سکھانا۔
- نظم اور نثر کے فرق کو سمجھانا۔

جھنڈا، اُونچا، روشن، نشاں، قربان۔

یہ سبز جھنڈا یہ چاند تارا
اُونچا رہے گا اونچا رہے گا

ہم کو یہ جھنڈا سب سے ہے پیارا
سُورج سے روشن یہ چاند تارا

جھنڈا ہمارا قومی نشاں ہے
قربان اِس پر دِل اور جاں ہے

یہ چاند تارا اُونچا رہے گا
یہ سبز جھنڈا اُونچا رہے گا

(قیوم نظر)

مشق

بتائیں

۱۔ ہمارے ملک کے جھنڈے میں کون کون سے رنگ ہیں؟

۲۔ ہمارے جھنڈے میں کیا کیا بنا ہوا ہے؟

۳۔ یہ جھنڈا ہمیں کیوں پیارا ہے؟

لکھیں

۱۔ ہم آواز الفاظ لکھیں:

جان ..... نشاں ..... دل .....

ساز ..... رات ..... پیارا .....

۲۔ توڑ کے جوڑ لکھیں۔

جھنڈا

جھ + ن + ڈ + ا ..... س + و + ر + ج .....

ق + ر + ب + ا + ن ..... ق + و + م + ی .....

ا + و + ن + چ + ا ..... ن + ش + ا + ن .....

خوش خط لکھیں

جھنڈا ہمارا قومی نشاں ہے

قربان اس پر دل اور جاں ہے

بچے یہ مصرعے دو مرتبہ تختی، سلیٹ یا کاپی پر لکھیں۔

سرگرمی

نظم کو زبانی یاد کریں اور مل کر گائیں۔

ہدایت برائے اساتذہ:

پاکستان کا جھنڈا بنوا کر اس میں رنگ بھروائیں۔

فرہنگ

۱۔ حمد

سہارا ⟵ مدد، بھروسا

مینہ ⟵ بارش

اناج ⟵ غلّہ

۳۔ نعت

حق ⟵ سچ

راہ بر ⟵ راستہ بتانے والا

راہ نما ⟵ راستہ دکھانے والا

فلک ⟵ آسمان

دمکنا ⟵ چمکنا

۴۔ ہمارے پیارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

پڑوسی ⟵ ہمسایہ

ادب ⟵ احترام

۷۔ کالے بادل آئیں گے

ٹرّانا ⟵ مینڈک کا آواز نکالنا

۸۔ عدنان نے پودا لگایا

شاباش ⟵ آفرین، تحسین کا کلمہ

موتیا ⟵ پھول کا نام

دیکھ بھال ⟵ خیال رکھنا

گلاب ⟵ پھول کا نام

سورج مکھی ⟵ پھول کا نام

ننھا ⟵ بہت چھوٹا

۱۰۔ اچھی عادات

ضد ⟵ اَڑ جانا

عزّت ⟵ ادب

مدد کرنا ⟵ کام آنا

۱۱۔ میں چھوٹا سا اِک لڑکا ہوں

لڑاکا ⟵ جھگڑالو

نیک ⟵ اچّھا

بِکھرے ⟵ الگ الگ

ہمجولی ⟵ ہم عمر، ساتھی

۱۲۔ گفت گو کے آداب

دستک ⟵ دروازہ کھٹکھٹانا

خوش آمدید ⟵ استقبالیہ الفاظ

حیرت ⟵ حیرانی

۱۳۔ قائدِ اعظمؒ ..... فاطمہ جناحؒ

ذہین ⟵ تیز ذہن والا

۱۴۔ بندر بھوکا تھا

تلاش ⟵ ڈھونڈنا

بھٹّا ⟵ چھلّی

۱۵۔ ہمارا جھنڈا

روشن ⟵ چمکتا ہوا

قومی نشان ⟵ قوم کی پہچان، قومی جھنڈا

مصنّفین کا تعارف

۱) ڈاکٹر ممتاز منگلوری

تدریس کا تجربہ رکھتے ہیں۔ ۱۹۶۸ء سے ۱۹۸۴ تک ٹیکسٹ بک بورڈ پشاور میں بطور ماہر مضمون اُردُو خدمات انجام دیتے رہے ہیں۔ متعدد کتابوں کے مصنّف اور مؤلف بھی ہیں۔ ٹیکسٹ بک بورڈ پشاور کے علاوہ دیگر صوبوں کی کتابوں کے مصنّف بھی ہیں۔

۲) پروفیسر محمد جمال

۱۹۸۹ء میں پشاور یونیورسٹی سے ایم اے اُردُو میں نمایاں پوزیشن حاصل کی۔ ۱۹۹۰ء سے ایڈورڈز کالج پشاور میں درس و تدریس سے منسلک ہیں۔ متعدد سیمیناروں اور ورکشاپوں میں حصہ لے چکے ہیں۔ ۲۰۰۰ء سے صدرِ شعبۂ اُردُو (ایڈورڈز کالج) کی حیثیت سے خدمات انجام دے رہے ہیں۔ ٹیکسٹ بک بورڈ پشاور کی متعدد کتابوں کے مصنّف بھی ہیں۔


پانی کے بغیر رہنا کتنا مشکل ہے۔
آج تو تھوڑی دیر میں ہی پیاس
سے برا حال ہو گیا۔

قومی ترانہ

پاک سَر زمین شاد باد　　کِشورِ حَسین شاد باد
تو نشانِ عَزمِ عالی شان　　ارضِ پاکستان
مرکزِ یقین شاد باد
پاک سَر زمین کا نِظام　　قُوّتِ اُخوّتِ عوام
قوم ، مُلک ، سلطنت　　پائندہ تابِندہ بَاد
شاد بَاد منزلِ مُراد
پرچمِ سِتارہ و ہلال　　رَہبرِ ترقی و کمال
ترجُمانِ ماضی شانِ حال　　جانِ اِستقبال
سایۂ خُدائے ذُوالجلال

کوڈ نمبر	تعداد	قیمت	مطبع
BP/B-2/12(O)	80,000	22.00	ادارہ فروغ تعلیم پرنٹرز